نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

کپاس کی 60 لاکھ گانٹھوں کے پیداواری ہدف کے حصول کے لیے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے: افتخار علی سہو

لاہور: 19 جولائی 2025 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی، چیئرمین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر راؤ آصف علی، سپیشل سیکرٹری ایگریکلچر ساؤتھ پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر عبدالقیوم، ڈاکٹر ساجد الرحمان، کاٹن ایکسپرٹ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، سید حسن رضا، خالد محمود کھوکھر سمیت جنوبی پنجاب سے تعلق رکھنے والے کپاس کے ترقی پسند کاشتکاروں و چوہدری وحید ارشد نمائندہ جننگ سیکٹر نے شرکت کی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کی 60 لاکھ گانٹھوں کے پیداواری ہدف کے حصول کے لیے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ متعلقہ فارمیشنز کپاس کے کاشتکاروں کی رہنمائی کے لیے زیادہ وقت فیلڈ میں گزاریں اور کپاس کی نیوٹریشن، پیسٹ اور واٹر مینجمنٹ کے حوالے سے مکمل رہنمائی فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی صاف چنائی کے لیے مزدوروں کی تربیت کی جائے، اور جننگ فیکٹریوں میں روئی کی کوالٹی اور اعداد و شمار کے حوالے سے باقاعدگی سے رپورٹ مرتب کی جائے۔ ٹیکنیکل ایکسپرٹس گروپ کو ہدایت کی گئی کہ وہ موسمی حالات کے مطابق کپاس سے متعلق ایڈوائزری جاری کرے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں اچھی کارکردگی کی حامل اقسام کا ڈیٹا مرتب کیا جائے۔ سیکرٹری زراعت نے فیلڈ رپورٹس کی روشنی میں کپاس کی حالت کو اطمینان بخش قرار دیا اور ہدایت کی کہ کپاس پر موسمی حالات کے ممکنہ اثرات کے بارے میں رپورٹ پیش کی جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کسان سہولت سنٹرز پر کاشتکاروں کا بہت اچھا ردعمل مشاہدہ میں آیا ہے۔ بعدازاں، افتخار علی سہو نے ملتان میں زیرِ تعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا اور متعلقہ حکام کو تعمیراتی کام یکم اگست سے قبل مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دی

☆☆☆☆